بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نعتِ رسولِ مقبول ﷺ

ہے نامِ محمد ﷺ سے عیاں شانِ محمد ﷺ
جو شانِ محمد ﷺ ہے وہ شایانِ محمد ﷺ

شاہانِ زمانہ کی حقیقت کو نہ پوچھو
شاہانِ زمانہ ہیں غلامانِ محمد ﷺ

ہوتا ہے ﴿وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ﴾ سے یہ ثابت
خود ربِّ محمد ﷺ ہے ثنا خوانِ محمد ﷺ

ہے حبِّ محمد ﷺ ہی راہِ حبِّ الٰہی
محبوبِ الٰہی ہیں حبیبانِ محمد ﷺ

مشفق بھی ہے محسن بھی ہے، صادق بھی امیں بھی
ہر بات محمد ﷺ کی ہے شایانِ محمد ﷺ

سرتابیِ فرمانِ محمد ﷺ سے خبردار !
اللہ کا فرمان ہے فرمانِ محمد ﷺ

دولت ہو، اولاد ہو، دل ہو کہ جگر ہو
عاجز کی ہر چیز ہے قربانِ محمد ﷺ

مولانا عبدالرحمٰن عاجزؒ

انتخاب: ابو محمد